روزنامہ
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 19 ستمبر 2005ء 14 شعبان 1426 ہجری 19 تبوک 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 209

جنتی کون ہیں

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

جنت اور جہنم کا آپس میں (بزبان حال) مناظرہ ہوا۔ جہنم نے کہا مجھ میں سرکش اور متکبر لوگ ہیں۔ اور جنت نے کہا مجھ میں کمزور اور مسکین لوگ ہیں۔

(صحیح مسلم کتاب الجنۃ باب النار حدیث نمبر :5081)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نرم اور مہذبانہ انداز گفتگو

میری جماعت میں سے ہر ایک فرد پر لازم ہوگا کہ ان تمام وصیتوں کے کاربند ہوں۔ اور چاہئے کہ تمہاری مجلسوں میں کوئی ناپاکی اور ٹھٹھے اور ہنسی کا مشغلہ نہ ہو۔ اور نیک دل اور پاک طبع اور پاک خیال ہو کر زمین پر چلو اور یاد رکھو۔ ہر ایک شر مقابلہ کے لائق نہیں اس لئے لازم ہے کہ اکثر اوقات عفو اور درگزر کی عادت ڈالو اور صبر اور حلم سے کام لو۔ اور کسی پر ناجائز طریق سے حملہ نہ کرو اور جذبات نفس کو دبائے رکھو۔ اور اگر کوئی بحث کرو یا کوئی مذہبی گفتگو ہو تو نرم الفاظ اور مہذبانہ طریق سے کرو۔ اور اگر کوئی جہالت سے پیش آوے تو سلام کہہ کر ایسی مجلس سے جلد اٹھ جاؤ۔ اگر تم ستائے جاؤ اور گالیاں دیئے جاؤ اور تمہارے حق میں برے برے لفظ کہے جائیں تو ہوشیار رہو کہ سفاہت کا سفاہت کے ساتھ تمہارا مقابلہ نہ ہو ورنہ تم بھی ویسے ہی ٹھہرو گے جیسا کہ وہ ہیں۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم ص 47)

آپس میں جلد صلح کرو

تم آپس میں جلد صلح کرو۔ اور اپنے بھائیوں کے گناہ بخشو کیونکہ شریر ہے وہ انسان کہ جو اپنے بھائی کے ساتھ صلح پر راضی نہیں وہ کاٹا جائے گا۔ کیونکہ وہ تفرقہ ڈالتا ہے۔ تم اپنی نفسانیت ہر پہلو سے چھوڑ دو اور باہمی ناراضگی جانے دو اور سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلل کرو تا تم بخشے جاؤ۔ نفسانیت کی فربہی چھوڑ دو کہ جس دروازہ کے لئے تم بلائے گئے ہو اس میں سے ایک فربہ انسان داخل نہیں ہو سکتا۔

(کشتی نوح ۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 12)

فسادانگیز طریقوں سے بچو

اور چاہئے کہ تمام انسانوں کی ہمدردی تمہارا اصول ہو۔ اور اپنے ہاتھوں اور اپنی زبانوں اور اپنے دل کے خیالات کو ہر ایک ناپاک منصوبہ اور فسادانگیز طریقوں اور خیانتوں سے بچاؤ۔ خدا سے ڈرو اور پاک دلی سے اس کی پرستش کرو اور ظلم اور تعدی اور غبن اور رشوت اور حق تلفی اور بے جا طرفداری سے باز رہو اور بدصحبت سے پرہیز کرو۔ اور آنکھوں کو بدنگاہوں سے بچاؤ اور کانوں کو غیبت سننے سے محفوظ رکھو اور کسی مذہب اور کسی قوم اور کسی گروہ کے آدمی کو بدی اور نقصان رسانی کا ارادہ مت کرو۔ اور ہر ایک کے لئے سچے ناصح بنو۔ اور چاہئے کہ فسادانگیز لوگوں اور شریر اور بدمعاشوں اور بدچلنوں کو ہرگز تمہاری مجلس میں گذر نہ ہو۔ ہر ایک بدی سے بچو اور ہر ایک نیکی کے حاصل کرنے کے لئے کوشش کرو۔ اور چاہئے کہ تمہارے دل فریب سے پاک اور تمہارے ہاتھ ظلم سے بری اور تمہاری آنکھیں ناپاکی سے منزہ ہوں۔ اور تم میں بجز راستی اور ہمدردی خلائق کے اور کچھ نہ ہو۔ اور تم میں کبھی بدی اور بغاوت کا منصوبہ نہ ہونے پاوے۔

(کشف الغطاء۔ روحانی خزائن جلد نمبر 14 ص 187)

مریم شادی فنڈ

حضرت امام جماعت رابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

ربوہ کے پلاٹس ومکانات کی خرید وفروخت

ربوہ کے پلاٹس ومکانات کی خرید وفروخت کے سلسلہ میں ضروری ہے کہ مقاطعہ گیر سودے کی تکمیل کی کارروائی خود کروائے اور اگر مختار نامہ کی ضرورت ٹھہرے تو لازم ہوگا کہ مختار نامہ دینے سے پہلے دفتر کمیٹی آبادی سے اس کی منظوری حاصل کرنے کے بعد مختار نامہ تیار کروائے۔ بصورت دیگر مختار نامہ کے ذریعہ دفتر ہذا میں کارروائی نہ ہوگی۔ نیز ضروری ہوگا کہ مختار نامہ کی اجازت ملنے کے دو ماہ کے اندر انتقال کی کارروائی مختار نامہ کے ذریعہ مکمل کی جائے اس مدت کے گزرنے کے بعد مختار نامہ کا اجازت نامہ منسوخ متصور ہوگا۔

(سیکرٹری کمیٹی آبادی)

منزل عرفان

سوز دل اشک میں ڈھلا ہی نہیں آنسوؤں میں کوئی جلا ہی نہیں
عمر گزری ہے راستہ تکتے اس نے وعدہ وفا کیا ہی نہیں
ڈھونڈتا پھر رہا ہوں راہوں میں مجھ کو ساتھی کوئی ملا ہی نہیں
سارا الزام مجھ پہ دھرتے ہو جیسے تم نے تو کچھ کہا ہی نہیں
ہر طرف شور ہے حریفوں کا کوئی سنتا مری صدا ہی نہیں
روشنی کس طرف سے آتی ہے جھونپڑے میں کوئی دیا ہی نہیں
کسی دل میں نہیں غریب کا درد کوئی اس غم میں مبتلا ہی نہیں
اس کے در تک رسائی کیسے ہو تم نے مانگی کبھی دعا ہی نہیں
کیسے حاصل ہو منزل عرفاں جب تو اس راہ پر گیا ہی نہیں
کیوں چلیں ہم بدی کی راہوں پر کیا کوئی اور راستا ہی نہیں
کیوں نہ ہو پھر دعاؤں پر تکیہ جب کوئی اور آسرا ہی نہیں
یوں ستم ڈھا رہے ہیں دشمن جاں جیسے میرا کوئی خدا ہی نہیں
جس قدر چاہو چیخ کر۔ دیکھو کوئی بت منہ سے بولتا ہی نہیں
بخش دیتا ہے سب گناہوں کو اس کی رحمت کی انتہا ہی نہیں
دل اگر صاف ہو کثافت سے کوئی اس جیسا آئینہ ہی نہیں
ہر گلی میں نشان پا ہیں سلیم اور منزل کا کچھ پتہ ہی نہیں

سلیم شاہجہانپوری

ولادت

مکرم الحاج ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب النصرت چلڈرن کلینک ریلوے روڈ ربوہ لکھتے ہیں کہ میری نسبتی ہمشیرہ مکرمہ سعدیہ مبارکہ صاحبہ اہلیہ مکرم طارق احمد رشید صاحب مربی سلسلہ فجی کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 24۔اگست 2005ء کو دو بیٹیوں اور ایک بیٹے کے بعد تیسری بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولودہ کا نام سبیکہ ہالہ طارق عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ مکرم رشید احمد طارق صاحب ناصر آباد شرقی کی پوتی اور مکرم ہمایوں اقبال صاحب اختر دارالنصر غربی منعم کی نواسی ہے۔ احباب سے نومولودہ کی صحت وسلامتی دیندار اور صاحب قسمت ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم منور احمد ججہ صاحب نمائندہ مینیجر الفضل توسیع اشاعت الفضل چندہ اور بقایاجات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع فیصل آباد کے دورہ پر ہیں۔ تمام احباب سے تعاون کی درخواست ہے۔ (مینیجر روزنامہ الفضل)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

☆ مکرم شیخ حارث احمد صاحب نائب وکیل صنعت و تجارت تحریک جدید تحریر کرتے ہیں کہ میرے چھوٹے بھائی مکرم شیخ ناسک احمد صاحب معتمد مجلس خدام الاحمدیہ علاقہ راولپنڈی اور مکرمہ راشدہ ناسک صاحبہ کو خداتعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 12 جولائی 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود خدا کے فضل سے وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے، بچے کا نام حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت نعمان احمد ناسک عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم محمد نصیر احمد صاحب صدر حلقہ سول لائنز راولپنڈی کا پوتا اور مکرم مرزا محمد یعقوب صاحب آف واہ کینٹ کا نواسہ ہے۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزم کو نیک خادم دین بنائے اور لمبی عمر عطا کرے۔

سانحہ ارتحال

مکرم عبدالحمید گوندل صاحب ناظم انصاراللہ ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے چچا مکرم الطاف احمد گوندل صاحب ولد مکرم محمد شفیع گوندل صاحب مرحوم مورخہ 31۔اگست 2005ء کو وفات پا گئے۔ مرحوم قدرت ثانیہ سے از حد محبت کرنے والے اور تہجد گزار تھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ چھ بچیاں اور ایک بیٹا سوگوار چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ ان کی بلندی درجات کیلئے دعا کریں کہ خداتعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

ولادت

مکرم ملک رضوان محمود صاحب دارالعلوم غربی صادق ربوہ تحریر کرتے ہیں میری بہن مکرمہ ثوبیہ صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری نثار احمد صاحب کاہلوں چک چھور مغلیاں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے 15/اگست 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود تحریک وقف نو میں شامل ہے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچے کا نام ادیب احمد عطا فرمایا ہے بچہ مکرم ملک داؤد احمد صاحب اعوان مرحوم سلیم پور ضلع سیالکوٹ کا نواسہ اور مکرم چوہدری مختار احمد صاحب کاہلوں صدر چک چھور مغلیاں کا پوتا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک خادم دین بنائے صحت و تندرستی والی لمبی زندگی سے نوازے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم محمد سلیمان صاحب ابن میاں محمد ابراہیم صاحب جمونی مرحوم دارالعلوم غربی ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کے بھائی میاں داؤد احمد جاوید صاحب کی اہلیہ قانتہ داؤد صاحبہ کا امریکہ میں آپریشن ہوا ہے۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کامیاب ہوا ہے اللہ تعالیٰ انہیں کامل شفا عطا فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے۔

مکرم طارق جاوید صاحب سیکرٹری وقف نو ضلع جھنگ لکھتے ہیں۔ خاکسار کا بیٹا عبدالحی (بعمر 1 سال 2 ماہ) واقف نو پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا ہے اور کافی عرصے سے بیمار ہے۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جلد از جلد شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

اعلان دارالقضاء

(محترمہ بشریٰ منظور صاحبہ بابت ترکہ محترم منظور احمد ناصر صاحب)

محترم بشریٰ منظور صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند محترم منظور احمد ناصر بقضائے الٰہی وفات پاگئے ہیں قطعہ نمبر 22/10 محلّہ دارالعلوم شرقی برقبہ دس مرلہ میں سے پانچ مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر کے منتقل کردہ ہے یہ قطعہ اور ان کے P.F کی رقم (P.F32305/58+ منافع 95291/85+ کل 127597/43) ان کے نام منتقل کر دی جائے دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ محترمہ بشریٰ منظور صاحبہ (بیوہ)
2۔ محترم سلطان احمد قمر صاحب (پسر)
3۔ محترم قمر لقمان احمد صاحب (پسر)
4۔ محترم درشہوار منیرہ صاحبہ (دختر)
5۔ محترمہ مدیحہ صالحہ صاحبہ (دختر)
6۔ محترم فواد ظہور احمد صاحب (پسر)
7۔ محترم حمید احمد ظفر صاحب (پسر)
8۔ محترم طیب راشد احمد صاحب (پسر)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کرے۔

(ناظم دارالقضاء)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

اُسوہ انسان کاملؐ ۔ رسول اللہ ﷺ کی محبت الٰہی اور غیرت توحید

آپؐ کی شریعت کا پہلا سبق ہی اقرار توحید تھا۔ آپؐ نے ہمہ وقت خدا کی عظمت کے قیام کے لئے جدوجہد کی

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

قسط دوم آخر

فتح پر خدائے واحد کی عظمت کے نعرے

چند لمحوں میں ضرب مصطفویؐ سے لات نامی بت ریزہ ریزہ ہوگیا۔ عزیٰ ٹوٹ کر پارہ پارہ ہوگیا اور ھبل پاش پاش ہو کر بکھر گیا۔

(السیرۃ النبویّہ لابن ھشام جز4 ص59 مطبوعہ مصر)

تعمیر بیت اللہ کا یہ مقصد پورا ہوا کہ اس میں صرف اور صرف خدائے واحد کی پرستش کی جائے۔ یہ محمد مصطفی ﷺ کی مرادوں اور تمناؤں کے پورا ہونے کا دن تھا۔ یہ خدا کی بڑائی ظاہر کرنے اور عظمت قائم کرنے کا دن تھا۔ اس روز رسولِ خدا کو زندگی کی سب سے بڑی خوشی پہنچی کہ توحید کا بول بالا ہوا تھا۔ اس کیفیت میں جب رسول اللہ ﷺ بیت اللہ کے پاس تشریف لائے اور حجر اسود کا بوسہ لیا تو وفور جذبات سے آپؐ نے باآواز بلند اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا۔

صحابہؓ نے بھی جواب میں اللہ اکبر، اللہ اکبر کے نعرے لگائے اور اس زور سے لگائے کہ سرزمین مکہ نعرہ ہائے تکبیر سے گونج اٹھی۔ مگر نعرے تھے کہ تھمنے کا نام نہ لیتے تھے۔ تب رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ کے اشارے سے صحابہؓ کو خاموش کرایا۔ (شرح مواھب اللدنیہ زرقانی جلد2 صفحہ334 مطبوعہ بیروت)

پس فتح مکہ کا دن بھی دراصل توحید کی عظمت اور قیام کا دن تھا۔ اس روز آپ نے اپنی فتح کا کوئی نقارہ نہیں بجایا۔ ہاں! اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کے شادیانے ضرور بجائے گئے۔ یہ کہتے ہوئے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس نے اپنے لشکر کی عزت افزائی کی اور اپنے بندے کی مدد کی اور اپنا وعدہ پورا فرمایا۔ تنہا اسی نے تمام لشکروں کو پسپا کر دیا۔ یہ تھا اپنی زندگی کی عظیم فتح پر ہمارے آقا و مولیٰ کا نعرۂ توحید۔

(بخاری کتاب الجہاد باب مایقول اذا رجع من الغزو: 2854)

توحید پر گہرے ایمان کی وجہ سے رسول اللہؐ کو کبھی کسی کا خوف پیدا نہیں ہوا۔ غزوۂ حنین میں تیروں کی بوچھاڑ کے سامنے خچر پر آگے بڑھ رہے تھے اور باآوازِ بلند فرما رہے تھے

اَنَا النَّبِیُ لَا کَذِبْ. اَنَابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

میں نبی ہوں۔ جھوٹا نہیں ہوں۔ میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

(بخاری کتاب المغازی باب قول اللہ تعالیٰ ویوم حنین)

آپؐ کا تن تنہا ایک لشکر کے تیروں کی بوچھاڑ کا سامنا کرتے ہوئے آگے بڑھنا جہاں توحیدِ کامل پر ایمان کا نتیجہ تھا وہاں آپؐ کی صداقت کا محیر العقول معجزہ بھی تھا۔ یہاں آپ کی غیرتِ توحید ایک اور رنگ میں ظاہر ہوئی۔ خدشہ تھا کہ آپؐ کو مافوق البشر مخلوق نہ خیال کرلیا جائے اس لئے اپنی صداقت کی گواہی کے ساتھ یہ وضاحت فرما دی کہ میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں اور ایک انسان ہوں۔ یہ رعب بھی خداداد ہے اور یہ حفاظت خدا تعالیٰ کی عطا کردہ۔ رسول اللہؐ کو قیام توحید اور احکام الٰہی کی بڑی غیرت تھی۔ طائف سے ثقیف قبیلہ کا وفد آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے بعض احکام میں رخصت کی شرط پر اسلام قبول کرنے کی حامی بھری اور عرض کیا کہ نماز معاف اور زنا، شراب اور سود حلال کر دیا جائے۔ رسول کریمؐ نے اس کی اجازت نہیں فرمائی اور فرمایا ’’وہ دین ہی کیا ہے جس میں نماز نہیں‘‘۔

اسی طرح ان لوگوں نے اپنے بت ’’لات‘‘ کے بارہ میں جسے وہ ’’ربہ‘‘ کہتے تھے عرض کیا کہ تین سال تک اسے منہدم نہ کیا جائے۔ رسول اللہؐ کی غیرت توحید نے یہ مداھنت قبول نہیں فرمائی۔ پھر انہوں نے عرض کیا کہ ایک سال تک ہی اسے نہ گرائیں۔ رسول اللہؐ نے پھر بھی انکار کیا۔ انہوں نے کہا چلیں ایک ماہ تک اسے نہ گرانے کی اجازت دے دیں تاکہ لوگ اسلام میں داخل ہو جائیں اور بے وقوف لوگ اور عورتیں اسے گرانے کی وجہ سے اسلام سے دور نہ ہوں، لیکن رسول اللہؐ نے اس کی بھی رخصت نہیں دی اور ابوسفیان اور مغیرہ بن شعبہ کو بھجوا کر اس بت کو گروا دیا۔

(السیرۃ الحلبیہ جلد3 ص 217 بیروت)

رسول کریمؐ کی تو ہر بات کی تان توحید الٰہی اور عظمت باری پر جا کر ٹوٹتی تھی۔ آپ کی اونٹنی عضباء بہت تیز رفتار تھی جس سے آگے کوئی اور اونٹنی نہ نکل سکتی تھی۔ ایک دفعہ ایک اعرابی نے اپنی اونٹنی اُس کے ساتھ دوڑائی اور آگے نکل گیا۔ صحابہ کو بڑا رنج ہوا مگر رسول کریمؐ نے عجب طمانیت کے ساتھ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ دنیا کی کسی بھی چیز کو اونچا کرتا ہے تو لازم ہے کہ اسے نیچا بھی کرے کیونکہ سب سے اونچی خدا کی ذات ہے۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب فی کراھیۃ الرفعۃ فی الامور)

نبی کریمؐ کی پشت پر گوشت کا ابھرا ہوا ایک ٹکڑا تھا۔ ابورمثہ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد نے نبی کریمؐ کو کہا کہ یہ جو آپ کی پشت میں اُبھار سا ہے ذرا مجھے دکھائیں کیونکہ میں طبیب آدمی ہوں۔ اُس کا مطلب تھا کہ میں اس کا علاج کر کے ٹھیک کر دوں گا۔ نبی کریمؐ نے کس غیرت سے فرمایا کہ اصل طبیب تو اللہ تعالیٰ کی ذات ہے آپ ایک دوست اور ساتھی ہو اس کا طبیب وہی ہے جس نے اسے پیدا کیا۔

(ابوداؤد کتاب الترجل باب فی الخضاب)

رسول کریمؐ فرماتے تھے کہ اللہ فرماتا ہے، کبریاء یعنی بڑائی میرا لباس ہے، عظمت میرا اوڑھنا ہے جو کوئی ان دونوں میں سے میرے ساتھ مقابلہ کرے گا میں اسے آگ میں پھینکوں گا۔

(ابوداؤد کتاب اللباس باب ماجاء فی الکبر)

توحید کی یہی محبت آپ نے اپنے صحابہ میں بھی پیدا فرمائی۔ چنانچہ ایک انصاری صحابی کا ذکر ہے کہ وہ مسجد قبا میں نماز پڑھاتے تھے اور جہری قراءت والی ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد پہلے سورۃ الاخلاص پڑھ کر پھر اس کے ساتھ کوئی اور سورۃ تلاوت کرتے تھے۔ نمازیوں نے انہیں مشورہ دیا کہ سورت اخلاص ہی پر اکتفا کرلیا کریں اس کے ساتھ الگ سورۃ پڑھنے کی کیا ضرورت ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگر مجھ سے نماز پڑھوانی ہے تو میں ایسے ہی پڑھاؤں گا ورنہ بیشک کسی اور کو امام بنالو۔ چونکہ وہ ان میں سے صاحب فضیلت تھے اس لئے انہوں نے امام تو نہ بدلا البتہ انہوں نے رسول اللہؐ کی خدمت میں ان کی شکایت کر دی۔ آپؐ نے اُسے بلا کر ہر رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھنے کی وجہ پوچھی۔ اس نے کہا یہ سورۃ خدائے رحمان کی صفات پر مشتمل ہے۔ مجھے اس کی تلاوت بہت پیاری لگتی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس سورۃ سے محبت تمہارے جنت میں داخلہ کا ذریعہ بن جائے گی۔

(ترمذی کتاب فضائل القرآن باب ماجاء فی سورۃ الاخلاص: 2826)

یاد رہے کہ سورۃ الاخلاص میں توحید کا مضمون نہایت اختصار اور کمال شان سے بیان ہوا ہے۔

حضرت عمر بن الخطابؓ ایک دفعہ تورات کا ایک نسخہ اٹھا لائے اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول یہ تورات کا نسخہ ہے۔ رسول اللہؐ خاموش تھے۔ حضرت عمرؓ اس میں سے پڑھنے لگے تو رسول اللہؐ کے چہرے کا رنگ متغیر ہونے لگا۔ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ کو اس طرف توجہ دلائی کہ آنحضور ﷺ یہ پسند نہیں فرما رہے۔ اس پر حضرت عمرؓ نے معذرت کی۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر موسیٰ تم میں ظاہر ہوتے اور تم مجھے چھوڑ کر ان کی پیروی اختیار کرتے تو سیدھی راہ سے گمراہ ہو جاتے اور اگر وہ خود بھی زندہ ہونے کی حالت میں میرا زمانۂ نبوت پا لیتے تو ضرور میری پیروی کرتے۔ (سنن دارمی مقدمہ باب ما یتقی من تفسیر حدیث النبی ﷺ)

فتح مکہ کے موقع پر ایک قریشی عورت کے چوری کرنے پر جب اس کا ہاتھ کاٹنے کی سزا کا فیصلہ ہوا اور لوگوں نے نبی کریم ﷺ کے عزیز ترین فرد اسامہ بن زیدؓ سے معافی کی سفارش کروائی تو آپؐ جوش میں آ کر فرمانے لگے ’’اے اسامہ کیا تم اللہ کے احکام میں سے ایک حکم کے بارہ میں سفارش کی جرأت کرتے ہو؟‘‘

(بخاری کتاب الانبیاء باب حدیث الغار: 3216)

احکام الٰہی کی تعمیل کی غیرت کا ایک اور واقعہ ابو سعید بن معلّیؓ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے مجھے بلایا میں نے جواب نہیں دیا اور نماز پڑھتا رہا۔ نماز سے فارغ ہو کر عرض کیا یارسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا۔ آپؐ نے فرمایا کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو جب وہ تم کو پکارے تاکہ تمہیں زندہ کرے۔

(بخاری کتاب التفسیر سورۃ الفاتحہ)

نبی کریمؐ کا اشارہ سورۂ انفال آیت 25 کی طرف تھا۔

حضرت ابوبکرؓ تہجد کی نماز میں بہت آہستہ آواز میں قرآن شریف کی تلاوت کیا کرتے تھے اور حضرت عمرؓ ذرا اونچی آواز میں پڑھتے تھے۔ رسول اللہؐ نے دونوں سے اس کی وجہ پوچھی۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا کہ میں اپنے رب سے سرگوشی میں بات کرتا ہوں۔ وہ میری حاجت کو جانتا ہی ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا میں شیطان کو بھگاتا ہوں اور سوئے ہوئے کو جگاتا ہوں۔ جب قرآن شریف کی یہ آیت اتری کہ نماز میں بہت اونچی تلاوت نہ کرو، نہ ہی بہت ہلکی آواز سے پڑھو اور درمیانی راہ اختیار کرو۔ (بنی اسرائیل: 111) تو نبی کریم ﷺ نے ابوبکرؓ سے کہا کہ آپ ذرا اونچی آواز میں پڑھا کرو اور حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ آپ ذرا ہلکی آواز میں پڑھا کرو تاکہ قرآنی آیت کی تعمیل ہو۔

(الدرالمنثور زیر آیت سورۃ بنی اسرائیل جلد5 ص 350 مطبوعہ بیروت)

نبی کریمؐ کو اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی کی بڑی غیرت تھی۔ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی ذات کے بارہ میں کبھی کسی سے کوئی انتقام نہیں لیا۔ ہاں اگر اللہ تعالیٰ کے احکام میں سے کسی

(باقی صفحہ 12 پر)

ہیپا ٹائٹس یعنی سوزش جگر کی علامات اور بچاؤ

بروقت علم ہونے پر اس بیماری سے بچاؤ اور تحفظ کے طریقے موجود ھیں

ہیپاٹائٹس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ پاکستان کے لئے ایڈز کی حیثیت رکھتا ہے۔ آج سے پندرہ بیس برس پہلے تک کوئی اس مرض کا نام تک نہیں جانتا تھا اور ہسپتالوں میں اس بیماری کے باعث کوئی مریض بھی داخل نہیں ہوتا تھا لیکن آج یہ صورتحال ہے کہ ہر ہسپتال کی ایمرجنسی میں بھی چھ سات مریض اس سے متاثر نظر آتے ہیں۔

ہیپا ٹائٹس جسے عرف عام میں یرقان کا نام دیا جاتا ہے۔ اس بیماری کی حقیقت اور شدت اپنی جگہ لیکن گزرتے ہوئے وقت میں یقیناً ہم اس بات سے آگاہ ہو چکے ہیں کہ بروقت علم ہونے پر اس بیماری سے بچاؤ اور تحفظ کے طریقے موجود ہیں یہ مرض مہلک ضرور ہے لیکن اٹل نہیں ہے اس پر قابو پایا جا سکتا ہے اس کے خلاف جہاد کیا جا سکتا ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھنا اور بیماری سے بچاؤ کرنا جتنا اہم ہے اتنا ہی اہم مرض لاحق ہونے کے بعد یکسوئی سے علاج کرنا ہے۔ علاج کی طوالت سے جنم لینے والی مایوسی کا جرأت سے مقابلہ کرنا چاہئے۔

ہیپا ٹائٹس بی اور سی جگر کی طویل المیعاد سوزش کی بڑی وجہ ہیں جگر کی اس قسم کی سوزش رفتہ رفتہ جگر کے سکڑنے کا باعث بنتی ہے جس کی وجہ سے جگر کی ساخت تبدیل ہو جاتی ہے اور جگر اپنا کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔

طویل المیعاد جگر کی سوزش کی باقی وجوہات میں شراب کا لمبے عرصہ تک استعمال، جگر میں لوہے یا تانبے کا جمع ہونا، موٹاپے اور شوگر کی وجہ سے جگر پر چربی کا چڑھنا جسم کے اپنے مدافعتی نظام کا جگر پر حملہ آور ہونا، رکاوٹ والے یرقان کی متعدد وجوہات اور چند موروثی جگر کی بیماریاں شامل ہیں۔

جگر کے سکڑنے کے عمل کو سرہوسس کہتے ہیں۔ سرہوسس کی علامات بنیادی طور پر جگر کے سکڑنے اور جگر کے ناکارہ ہونے سے پیدا ہوتی ہیں۔ زیادہ تر مریضوں میں صرف تھکاوٹ، نقاہت اور کمزوری ہی ایسی علامات ہوتی ہیں جو کہ مریض محسوس کرتو رہا ہوتا ہے مگر اس کی وجہ کو زندگی کا معمول سمجھ کر نظر انداز کرتا رہتا ہے۔

ایک دفعہ سرہوسس کا عمل بڑھ جائے تو جو خون جگر میں جاتا ہے اس کی رکاوٹ شروع ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے خون کا دباؤ خوراک کی نالی اور معدے کی وریدوں میں بڑھ جاتا ہے اور رفتہ رفتہ یہ خون کی نالیاں بڑی ہونا شروع ہو جاتی ہیں یہاں تک کہ ایک وقت ایسا آتا ہے جب یہ خون کی نالیاں مزید دباؤ برداشت نہیں کر سکتیں تو پھٹ جاتی ہیں جس کی وجہ سے ایسے مریضوں کو خون کی الٹی اور کالے پاخانے آ سکتے ہیں۔

خون کی اہم پروٹین البیومن کے مناسب مقدار میں نہ بننے سے خون میں موجود پانی خون کی چھوٹی نالیوں سے رس کر باہر آ جاتا ہے جو کہ پیٹ اور پیروں میں جمع ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ پیٹ میں جمع شدہ پانی سرہوسس کے مریضوں میں آسانی سے انفیکشن کا باعث بن سکتا ہے۔ خون کے جمنے کی صلاحیت بھی ایسے مریضوں میں کم ہو جاتی ہے۔

ایسے مریضوں کا جگر تو پہلے ہی سے کمزور ہوتا ہے مگر جب مندرجہ ذیل صورتوں میں جگر پر کام کا دباؤ بڑھ جاتا ہے تو غنودگی کا تناسب زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس میں قبض کا ہونا، خون کی الٹی کا آنا، کالے پاخانوں کا آنا، جسم میں الٹی یا پیچش کے ذریعے جسم کے نمکیات کا ضائع ہونا، پیٹ کے پانی یا جسم کے کسی بھی حصے کا انفیکشن بھی ہو جاتا ہے۔

طویل المیعاد ہیپا ٹائٹس اور سرہوسس کی تشخیص مریض کے طبی معائنے اور لیبارٹری ٹیسٹ مثلاً خون کے ٹیسٹ، ہیپا ٹائٹس بی اور سی کا ٹیسٹ، جگر کا الٹرا ساؤنڈ اور Liver Biopsy کے ذریعے حاصل شدہ جگر کے خلیوں کے معائنے کی مدد سے کی جاتی ہے۔

اس وقت کروڑوں افراد ہیپا ٹائٹس بی اور سی مرض کا شکار ہیں اور ان مریضوں کا دو تہائی حصہ ساؤتھ ایسٹ ایشیا میں ہے اور بدقسمتی سے اس مرض کا تناسب مسلسل بڑھتا جا رہا ہے اور اس کی شرح دو سے تین فیصد سالانہ ہے دوسری طرف غور کیا جائے تو اس کے وائرس سے بچاؤ ممکن ہے اور پرہیز علاج سے بہتر ہے۔ پرہیز کے ذریعے اس مہلک بیماری سے سو فیصد بچا جا سکتا ہے اور یہ واحد بیماری ہے جس کی شرح بچاؤ اس قدر زیادہ ہے۔ دوسری صورت میں اگر یہ بیماری لاحق ہو جائے تو اتنے ترقی یافتہ دور میں بھی اس کے علاج کے نتائج 50 سے 60 فیصد تک ہیں۔

جگر جسم کا سب سے بڑا عضو ہے اور یہ واحد عضو ہے جس کا وزن ڈیڑھ کلو ہے اور اس میں سے ڈیڑھ لیٹر خون گزرتا ہے اور اس کی اہمیت یہ ہے کہ جسم میں جانے والی خوراک معدے سے گزرنے کے بعد جگر کے راستے سے خون میں شامل ہو کر جسم کا حصہ بنتی ہے۔ یہ خون کی صفائی کا کام دیتا ہے اور خون کے جمنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ جسم کی سب سے بڑی فیکٹری ہے اگر یہ کام نہیں کرتا ہے تو انسانی جسم پر اس کے نہایت برے اثرات مرتب ہوتے ہیں کیونکہ یہ مختلف قسم کی رطوبتیں اور ہارمون پیدا بھی کرتا ہے اور انہیں محفوظ بھی رکھتا ہے اس کا ایک اور اہم کام یہ ہے کہ یہ جسم کے مدافعتی نظام کو بھی کنٹرول کرتا ہے اسی لئے اگر کوئی شخص جگر کے عارضے کا شکار ہو جاتا ہے تو اسے مختلف قسم کی بیماریاں مثلاً بخار، کھانسی، پیٹ کا خراب ہونا اور اسی طرح کی دیگر بیماریاں گھیر لیتی ہیں۔

جگر کی خرابی یا ہیپا ٹائٹس کی سب سے اہم وجہ وائرس ہے جبکہ یورپی ممالک میں اس کی ایک اور بڑی وجہ الکحل کا زیادہ استعمال ہے خدا کا شکر ہے کہ ایک دینی معاشرہ ہونے کے ناطے سے ہم اس لعنت سے محفوظ ہیں۔

ہیپا ٹائٹس جگر کی سوزش کو کہتے ہیں جگر کی سوزش زیادہ تر وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جس کو انگریزی کے حروف تہجی کے لحاظ سے نام دیئے گئے ہیں۔ اس میں ہیپا ٹائٹس اے بی سی ڈی اور ای قابل ذکر ہیں۔ ہیپا ٹائٹس اے اور ای قلیل المیعاد ہیپا ٹائٹس (Acute Hepatitis) کا باعث بنتے ہیں۔ ہیپا ٹائٹس اے کا وائرس گندی خوراک اور گندے پانی سے پھیلتا ہے اور زیادہ تر بچوں میں یرقان کا باعث بنتا ہے۔

البتہ ہیپا ٹائٹس بی اور سی ایسے وائرس ہیں جو کہ خون اور جسمانی رطوبتوں کے ذریعے ایک انسان سے دوسرے انسان کو منتقل ہوتے ہیں۔ یہ دونوں وائرس بھی جگر کے قلیل المیعاد ہیپا ٹائٹس (Acute Hepatitis) اور طویل المیعاد ہیپا ٹائٹس (Chronic Hepatitis) کا باعث بن سکتے ہیں جو رفتہ رفتہ جگر کے سکڑنے کا باعث بنتی ہیں۔ یہ عرصہ 15 سے 20 سال پر محیط ہو سکتا ہے۔ مندرجہ بالا وائرس دنیا کے تمام علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

ایک دفعہ جب مریض کو یرقان ہو جاتا ہے تو کچھ علامتیں قلیل المیعاد ہیپا ٹائٹس کی وجہ سے خاص طور پر عمل پذیر ہوتی ہیں۔

☆ بھوک کا نہ لگنا، ☆ متلی اور الٹی کا آنا، ☆ پیٹ میں درد کا ہونا، ☆ آنکھوں کا پیلا پن، ☆ جوڑوں میں درد، ☆ سگریٹ نوشی کرنے والے حضرات کا سگریٹ نوشی ترک کر دینا، اور کچھ مریضوں میں غنودگی اور بے ہوشی کا ہونا جو کہ ایک خطرناک علامت ہوتی ہے۔

ڈاکٹر ان علامات کی روشنی میں مریض کا معائنہ کرتے ہیں جس میں جگر کا بڑھنا، آنکھوں کا پیلا پن، گاڑھے پیلے رنگ کا پیشاب، سلیٹی رنگ کا پاخانہ، کچھ مریضوں میں تلی کا بڑھنا اور پیٹ میں پانی بھرنا وغیرہ شامل ہیں خون کے معائنے جسے ایل ایف ٹیز (LFTS) کہتے ہیں کے ذریعے جگر کی سوزش اور وائرل سیرالوجی (Viral Serology) کے ذریعے جگر کی سوزش کا باعث بننے والے وائرس کا پتہ لگایا جاتا ہے۔

یرقان کے مریض کا کوئی مخصوص علاج تجویز نہیں کیا جاتا کیونکہ عام طور پر ایک سے دو ماہ کے عرصے میں مریض خود بخود ٹھیک ہو جاتا ہے۔

البتہ جو مریض اس حد تک متلی اور الٹی کی شکایت کرے جس میں کوئی خوراک نہ لے سکے تو الٹی کو روکنے والی ادویات اور ڈرپ کے ذریعے علاج کیا جاتا ہے اور ایسے مریض کو کچھ عرصے کے لئے ہسپتال میں بھی رکھا جا سکتا ہے۔ بے ہوشی اور غنودگی والے مریضوں کو اور ان مریضوں کو جن کا خون بہت پتلا ہو جاتا ہے انتہائی نگہداشت کی ضرورت پڑتی ہے۔

ہیپا ٹائٹس سے بچاؤ

☆ ہیپا ٹائٹس اے اور ای سے بچاؤ ماحول کی صفائی سے ممکن ہے اس میں ہاتھوں کا دھونا، تازہ گھر کا پکا ہوا صاف ستھرا کھانا، ابلا ہوا پانی استعمال کرنا، انسانی فضلے اور کوڑے کرکٹ کو صحیح طریقے سے تلف کرنا۔

☆ ہیپا ٹائٹس بی اور سی سے بچاؤ کے لئے:

انتقال خون کے وقت خون کا ٹیسٹ اور خون کا بی اور سی وائرس سے پاک ہونا ضروری ہے، گندی سرنجوں کے استعمال سے بچیں، حجام سے نئے بلیڈ کے استعمال کرنے پر اصرار کریں، دانت صاف کرنے والے برش اور نیل کٹر کا انفرادی استعمال کریں، ہیپا ٹائٹس بی اور سی کے مریض کے خون اور جسمانی رطوبتوں کو احتیاط سے تلف کریں، دانت کی تکالیف کے سلسلہ میں مستند دانت کے ڈاکٹروں سے رجوع کریں، ختنے اور دیگر اقسام کی جراحی کے لئے حجام کے بجائے سرجن سے رجوع کریں، جسم کے گندھوانے سے اجتناب کریں، ناک اور کان چھدوانے کے لئے نئی اور صاف سوئی کا استعمال کرنے کے بعد سوئی کو ضائع کر دیں۔

جنسی تعلقات میں احتیاط برتیں اور اپنے آپ کو اپنی شریک حیات تک محدود رکھیں۔ ہیپا ٹائٹس بی کے حفاظتی ٹیکے لگوا کر بھی اس سے بچا جا سکتا ہے جبکہ ہیپا ٹائٹس سی کے حفاظتی ٹیکے موجود نہیں ہیں اس لئے اس سے بچاؤ حفاظتی ٹیکوں کے ذریعے ممکن نہیں ہے۔

ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے کیونکہ ان تمام عوامل سے بچنا ممکن ہے جو کہ جگر کی سوزش کا باعث بنتے ہیں اس کے لئے خود اعتمادی صحت کے اصولوں پر عمل، صاف ستھری زندگی گزارنے کا عزم اور دینی اقدار کی پاسداری اشد ضروری ہے۔

اسے کچھ نہ کہو

حضرت بانی سلسلہ کی مجلس میں ایک شخص آیا اور آپ کو آتے ہی گالیاں دینے لگ گیا۔ اور جب خوب گالیاں دے چکا۔ اور بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا۔ تسلی ہو گئی یا کچھ اور بھی باقی ہے۔ اسی طرح ایک دفعہ حضرت بانی سلسلہ لاہور تشریف لے گئے تھے۔ وہاں رستہ میں ایک شخص نے آپ کو دھکا دے دیا تھا۔ لوگ اس کو مارنے لگے مگر آپ نے فرمایا نہیں اسے کچھ نہ کہو اس نے تو اپنے اخلاص سے ہی دھکا دیا ہے۔ وہ دراصل مدعی نبوت تھا۔ آپ نے فرمایا اس نے سمجھا ہے کہ ہم ظالم ہیں اور اس کا حق مار رہے ہیں۔

(انوار العلوم جلد 4 ص 160)

ہستی باری تعالیٰ کا ایک روشن نشان

ہومیوپیتھی کا عظیم الشان نظامِ شفاء

محمود احمد اشرف صاحب

دنیا میں طرح طرح کی بیماریوں کے ساتھ نہایت متنوع اور وسیع نظام شفا کا پایا جانا اس امر کی دلیل ہے کہ یہ کائنات ایک مدبر بالارادہ ہستی کا ایک عظیم، باترتیب اور ہم آہنگ منصوبہ ہے۔ تمام زندہ اجسام کے اندر دفاع اور شفاء کا ایک خودکار نظام موجود ہے۔ جسمانی بیماریوں کا نفسیاتی علاج بھی قدیم زمانے سے چلا آرہا ہے۔ مختلف غذاؤں میں مختلف بیماریوں کا علاج پوشیدہ ہے۔ یہاں تک کہ صرف سبزیوں اور پھلوں سے علاج کیا جاتا ہے۔ بظاہر بیکار نظر آنے والی جڑی بوٹیاں اپنے اندر حیرت انگیز شفاء رکھتی ہیں۔ غرضیکہ شفاء کے متعدد نظام موجود ہیں اور جس قدر انسان کو اس کا علم ہو چکا ہے وہ بھی حیرت انگیز طور پر وسیع ہے اور ابھی طب کی دنیا میں نئے نئے انکشافات کا سلسلہ جاری وساری ہے۔ اب بیماریوں کے وجود کو اگر اتفاقی قرار بھی دیا جائے تو کیا اسے بھی ایک اتفاق کہا جائے گا کہ ہر بیماری کے لیے متعدد علاج میسر ہیں۔ اگر یہ سب کچھ اپنی تمام تر تفاصیل کے ساتھ اتفاق ہے تو پھر جامع منصوبہ بندی کسے کہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی شخص اس بات کا انکار کر ہی نہیں سکتا کہ کائنات کے یہ سب مظاہر ایک عظیم اور حسین منصوبے کا حصہ ہیں اور اس ذات کی جانب اشارہ کر رہے ہیں جو منصوبہ ساز ہے اور وہ خدا تعالیٰ کی ہستی ہے۔ اس مضمون میں ہمیں خاص طور پر علاج بالمثل کا اس حوالے سے ذکر کرنا ہے کہ یہ بھی ہستی باری تعالیٰ کا ایک نشان ہے۔

ہومیوپیتھک طریق علاج بطور خاص اس زمانے میں انسان کی توجہ کو خدا تعالیٰ کی ہستی کی جانب پھیرنے میں معاون ہے۔ اس کی وجہ کو سمجھنے کے لیے ہمیں کسی قدر تفصیل میں جانے کی ضرورت ہے۔ بات یہ ہے کہ موجودہ سائنسی طرز فکر پر آج کا انسان بڑا نازاں ہے۔ سائنسی طرز فکر کے عظیم مادی فوائد کی بنا پر وہ اس طرز کو اپنے جملہ مسائل کے حل کے لیے کافی سمجھنے لگا ہے۔ ہر وہ چیز جو اس کی عقل یعنی اس مخصوص طرز فکر کے دائرہ میں نہیں آتی وہ اسے ایک وہم سمجھتا ہے اور حقیر گردانتا ہے۔ غیب پر ایمان لانا موجودہ دور کے انسان کے فکری مزاج کے بہت خلاف ہے کیونکہ وہ اپنی عقل پر نازاں ہے۔ اب ہر وہ چیز جو انسانی عقل کی حدود کو واضح کرے اور یہ بتائے کہ عقل بیشمار مقامات پر بے بس اور عاجز ہے وہ آج کے انسان کے لیے بہت کارآمد ہے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ آج کا انسان عقل پر اس سے زیادہ بھروسہ کر رہا ہے جتنا کہ اس پر کیا جاسکتا ہے۔ پس اس کی فکر کو متوازن بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اسے ایسے ٹھوس حقائق کا علم ہو جو اب تک اس کی عقل میں نہ آئے ہوں یعنی سائنس ان کی کوئی تشریح نہ کرسکی۔ ہومیوپیتھک طریق علاج بھی انہیں مظاہر میں سے ایک ہے جو انسانی عقل کی بے بسی کو آشکار کرتا ہے اور یہ بتاتا ہے کہ عقل جملہ حقائق الاشیاء کا احاطہ کرنے سے قاصر ہے۔ یہ طریق علاج ایک حقیقت ہے لیکن جدید سائنسی طرز فکر کی حدود سے اب تک باہر ہے۔ مثال کے طور پر ایک ہومیوپیتھک دوائی کو لیبارٹری میں چیک کر کے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ وہی دوا ہے جس کا لیبل باہر لگا ہوا ہے۔ دوا کی طاقت جتنی بلند ہوتی جائے گی یہ کام اسی قدر مشکل ہوتا چلا جائے گا۔ مثال کے طور پر سلفر ایک عنصر ہے جس کے بہت سے خواص سائنسی طور پر انسان کے علم میں ہیں لیکن ہومیوپیتھک دوا میں سلفر کے مالیکیول اگر ہیں بھی تو جو خواص وہ ظاہر کرتے ہیں موجودہ سائنس ان کے متعلق کچھ نہیں جانتی۔ یہ بھی نہیں کہا جاسکتا کہ یہ مالیکیولز یا ایٹمز کا مادی اثر ہے یا ان سے خارج ہونے والی توانائی اس کا باعث ہے یا ان دونوں کے کچھ نقوش ہیں جو کسی شکل میں باقی رہتے ہیں۔

پھر ہومیوپیتھک کا یہ اصول کہ جیسے جیسے اصل دوا کی مقدار کم ہوتی ہے ویسے ویسے اس کا اثر زیادہ ہوتا چلا جاتا ہے سائنس کی دنیا میں ایک عجیب بات ہے۔ اسی طرح یہ معمہ کہ یہ دوائی کس طرح انسانی جسم پر اثر انداز ہوتی ہے تاحال لاینحل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ مظاہر قدرت اس انسانی عقل پر ہنستے ہوئے دکھائی دیتے ہیں جس کے ساتھ تکبر کی آمیزش ہے۔ یہ وہ مقامات ہیں جہاں آج کا جدید تعلیم یافتہ انسان اگر چاہے تو عجز اختیار کرسکتا ہے اور خدا کی معرفت کا سارا سفر ہی عجز کی سرزمین پر ہوتا ہے۔ اگر اپنی عقل کی برتری کا احساس دامن گیر رہے تو اس ذات اکبر کی نہ ضرورت محسوس ہوتی ہے اور نہ اس کی جانب کوئی قدم اٹھنے کا سوال پیدا ہوتا ہے۔ اگرچہ اور بھی کئی مظاہر ایسے ہیں جن کی وضاحت کرنے سے سائنس قاصر ہے اور اس طرح یہ سب انسانی عقل کی حدود کو واضح کرتے ہیں لیکن ہومیوپیتھی ان میں اس لحاظ سے سب سے بڑھ کر اس لیے ہے کہ اس کے اطلاق کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ لاکھوں ڈاکٹرز اس کے فلسفے کو سمجھ کر استعمال کر رہے ہیں اور ان ڈاکٹرز کی تعداد بڑھتی چلی جارہی ہے۔ ہر روز عوام الناس ہومیوپیتھی سے شفاء کے معجزانہ واقعات دیکھتے ہیں۔ انسانی عقل اس نظام شفاء کو سمجھنے سے قاصر ہے۔

کلام پاک کا ارشاد ہے کہ ہم نے انسان کو احسن تقویم میں پیدا کیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی لاکھوں کروڑوں انسان بیمار، معذور اور لاچار نظر آتے ہیں۔ بیشک اکثر بیماریاں انسانوں کی اپنی غلطیوں کا نتیجہ ہیں لیکن لاکھوں لوگ بیماریاں اور معذوریاں ساتھ لے کر اس دنیا میں آتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ عدل اور انصاف پر مبنی اس کائنات میں ایسا کیوں ہے۔ اس سوال کے جواب کے کئی پہلو ہیں جن سب کا یہاں ذکر کرنا مقصود نہیں ہے۔ یہاں صرف یہ بتانا ہے کہ خدا تعالیٰ نے بیماریوں کے ساتھ ہی ان کا علاج بھی پیدا فرمایا ہے۔ ہومیوپیتھک طریق علاج میں بیشمار قسم کی بیماریوں کا علاج اس قدر باریک تفصیل کے ساتھ موجود ہے کہ اس کے سرسری مطالعہ سے ہی انسان حیرت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر بہت سی ایسی ذہنی اور جسمانی کیفیات ہیں جنہیں بیماری تصور نہیں کیا جاتا بلکہ یہاں تک کہ ان کی طرف توجہ ہی نہیں کی جاتی۔ مثال کے طور پر ایک آدمی بہت جلد ذہنی Excitement کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہ بظاہر ایک معمولی بات دکھائی دیتی ہے لیکن اگر بغور دیکھا جائے تو یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ اس انسان کی زندگی بھر کی ناکامیوں میں اس رویے کا بہت بڑا دخل تھا۔ چنانچہ خدا تعالیٰ نے اتنی باریکی میں بھی وہاں وہاں علاج مقرر کر دیا ہے جہاں جہاں انسانی نکتہ نظر سے کوئی انسان احسن تقویم کا منظر پیش نہیں کر رہا۔ ہومیوپیتھی میں بیسیوں ادویات اس ذہنی کیفیت کے تدارک کے لیے موجود ہیں۔ اسی طرح اگر ایک انسان غیر معمولی طور پر کام چور اور نکما ہے تو اس ذہنی یا جسمانی کیفیت کا علاج بھی ہومیوپیتھی میں موجود ہے۔ حضرت امام جماعت رابع فرماتے ہیں کہ ایک بچہ جو اپنی ماں سے ہر وقت مار کھاتا ہے صحیح ہومیوپیتھک علاج اسے اس مار سے بچا سکتا ہے۔ یعنی یہ طریق علاج غلط یا بیماری ذہنی رویوں کو بھی درست کر دیتا ہے۔ پس غیر معمولی ذہنی کیفیات تک کا علاج خدا تعالیٰ نے نہایت تفصیل سے ہومیوپیتھی میں رکھ دیا ہے۔ ان میں ایسی ذہنی حالتیں بھی ہیں جنہیں مذہب ناپسند کرتا ہے یا گناہ قرار دیتا ہے۔ مثال کے طور پر عیب چینی، بدزبانی، لڑائی، جھگڑا، بے رحمی، بزدلی، مایوسی، غرور، بے صبری، جلد بازی، چڑچڑاپن، بے حیائی وغیرہ کو مذہب نے اس حد تک ناپسند کیا ہے کہ انہیں گناہوں میں شمار کرتا ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ یہ وہ جسمانی یا روحانی امراض ہیں جو انسان کو اس کے حقیقی کمال تک پہنچنے سے روکتے ہیں۔ اب لطف یہ ہے کہ احسن الخالقین نے ان کا علاج بھی پیدا فرما دیا ہے تاکہ اس کا منصوبہ تخلیق پایہ تکمیل کو پہنچے۔ چنانچہ ہومیوپیتھی انہیں امراض قرار دیتی ہے اور ان کے لیے متعدد دوائیں تجویز کرتی ہیں۔ جس تفصیل سے ہومیوپیتھک ایسی ذہنی، نفسیاتی یا روحانی بیماریوں کا علاج پیش کرتی ہے اس کا عشر عشیر بھی کہیں اور نظر نہیں آتا۔ اس لیے یہ کہنا ہرگز غلط نہ ہوگا کہ دین حق انسان کو جس جسمانی، اخلاقی اور روحانی ترقی کے راستے پر چلنے کی تعلیم دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس راہ پر چلنے کے لیے ہومیوپیتھی کو بھی ایک معاون بنایا ہے۔ اس لیے وہ لوگ جو باوجود کوشش کے کسی گناہ کو ترک کرنے پر قادر نہ ہوں انہیں ضرور چاہئے کہ وہ اس نظام شفا سے فائدہ اٹھائیں جیسا کہ روحانی امراض کے علاج کی اصولی ہدایت حضرت امام جماعت ثانی نے فرمائی ہوئی ہے۔ حضرت امام جماعت رابع نے ہومیوپیتھک کی طرف جو اس قدر توجہ فرمائی وسیع تر تناظر میں دیکھا جائے تو اس کی ایک بہت بڑی وجہ یہ بھی ہے۔

وراثت میں ملنے والی بیماریوں کا علاج بالعموم مشکل قرار دیا جاتا ہے اور اسے جینیاتی تبدیلیوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ مگر ہومیوپیتھک میں ایسی بیماریوں کا علاج بھی موجود ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر کینٹ نے بطور خاص سلیشیا کے بیان میں لکھا ہے کہ یہ موروثی بیماریوں کو شفاء دیتی ہے اور درحقیقت تمام موروثی بیماریوں کا ہومیوپیتھک میں اسی طرح علامات کی بنیاد پر علاج کیا جاتا ہے جس طرح دیگر امراض کا کیا جاتا ہے۔

باوجود اس امر کے کہ ہومیوپیتھک میں بیشمار بیماریوں کا علاج باریک تفاصیل میں موجود ہے یہ امر بھی قابل غور ہے کہ یہ ہر اعتبار سے آسان اور عام آدمی کی دسترس میں ہے نیز یہ کہ انسان معمولی سی کوشش سے اپنا علاج خود کرسکتا ہے۔ بیشک اس دنیا میں ہمیں بیمار، محتاج، لاچار سسکتے ہوئے انسان نظر آتے ہیں لیکن کیا شفاء کے اس وسیع اور آسان نظام کو دیکھ کر انسان اس یقین میں ترقی نہیں کرتا کہ وہ نہ صرف احسن تقویم میں پیدا کیا گیا ہے بلکہ اس اعلیٰ درجے کی تقویم کو قائم رکھنے کے لیے بھی بہت سے سامان بہم پہنچائے گئے ہیں۔ اس غور کا یہ نتیجہ نکلنا چاہئے کہ یہ کائنات عدل اور انصاف ہی نہیں بلکہ احسان پر مبنی ہے اور دراصل وہی انسان خدا تعالیٰ کی طرف قدم بڑھاتا ہے جو یہ یقین رکھتا ہے کہ درحقیقت یہ کائنات مبنی بر خیر تنظیم ہے۔ جو شخص اپنے شعور اور لاشعور کی گہرائیوں میں سمجھتا ہے کہ یہ کائنات فساد پر مبنی محض چند سفلی اور عارضی لذتیں اٹھانے کی جگہ ہے وہ کب اور کیسے اس منبع خیر تک پہنچنے کا سوچ سکتا ہے جو خدا تعالیٰ ہے۔

ہومیوپیتھک طریق علاج بطور خاص اس لیے بھی خدا تعالیٰ کی ہستی کا ایک نشان ہے کہ اس کا بنیادی فلسفہ مذہب کے فلسفہ سے کئی لحاظ سے ہم آہنگ ہے۔ مثال کے طور پر مذہب روح کا اثبات کرتا ہے اگرچہ ساتھ

ہی کلام پاک نے فرمایا کہ روح کے متعلق انسان کو بہت ہی کم علم دیا گیا ہے۔ ہومیو پیتھک کے فلسفہ کی رو سے انسان کے اندر ایک قوت حیات ہے جو دراصل زندگی کا سرچشمہ ہے اور یہی قوت حیات مادی جسم کو چلاتی ہے۔ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ ہومیو پیتھک جس قوت حیات کی بات کرتی ہے وہی وہ روح ہے جسے کلام پاک نے روح قرار دیا ہے۔ بات صرف یہ کی جارہی ہے کہ مذہب اور ہومیو پیتھک فلسفہ اس امر میں متفق ہیں کہ انسان کے جسمانی نظام کے پس منظر میں ایک لطیف طاقت کارفرما ہے جو اصل قوت متحرکہ ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر ہانمن ہومیو پیتھک کی بنیادی کتاب آرگنن میں لکھتے ہیں:۔

حالت صحت میں انسان کی روحانی قوت حیات (The Spiritual Vital Force) جو مادی جسم کو دراصل زندگی دیتی ہے اور اس کی قوت متحرکہ ہے، پورے طور پر جسم پر حکمرانی کرتی ہے اور اس کے سب حصوں میں ایک حسین توازن پیدا کیے رکھتی ہے۔

ہومیو پیتھی میں بیماری کی بنیادی وجوہات کی بحث بھی مادہ پرستوں کو دعوت فکر دیتی ہے۔ ہومیو پیتھک چونکہ روح کو وہ اصل قوت تسلیم کرتی ہے جو کہ جسم کو چلاتی ہے اس لیے جسم کی بیماری دراصل اسی بنیادی قوت حیات کا بگاڑ ہے اور عظیم ہومیو پیتھ ڈاکٹر جیمز ٹیلر کینٹ کے نزدیک اس بگاڑ کی ایک وجہ سوچ، ارادے اور اخلاق کا بگاڑ ہے۔ وہ ہومیو پیتھک فلاسفی پر اپنے مشہور لیکچر میں لکھتے ہیں:۔

جب تک انسان صحیح سوچتا ہے اور اپنے ہمسائے کے لیے اچھا ارادہ رکھتا ہے اور جب تک وہ اخلاقی بلندی اور انصاف پر قائم ہے تب تک انسان زمین پر اس حالت میں جیتا ہے کہ وہ بیماری سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ یہ وہ حالت تھی جس پر اسے پیدا کیا گیا تھا......لیکن جب وہ اپنی غلط سوچ کے نتیجہ میں ویسے ہی ارادے باندھنے لگتا ہے تب وہ ایک ایسی حالت کا شکار ہوجاتا ہے جو اس کی اس باطنی کیفیت سے مکمل مطابقت رکھتی ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس کائنات میں جہاں اور بیشمار نشانات ایسے موجود ہیں جو انسان کی توجہ کو اپنے خالق و مالک کی طرف پھیر سکتے ہیں ان میں ایک نشان ہومیو پیتھی کا عظیم الشان نظام شفا بھی ہے۔ اول اس لیے کہ سائنس اس کی اصل اور ماہیت جاننے سے بالکل قاصر ہے اور یوں یہ سائنسی علم وفکر اور اپنی عقل پر نازاں آج کے انسان کو عجز کا درس دیتی ہے جو راہ سلوک کا پہلا سبق ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ عظیم، لطیف اور نہایت مفصل نظام شفاء اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ بیماریوں کا وجود کلام پاک کی بیان کردہ اس حقیقت کو جھٹلانہیں رہا کہ انسان کو احسن تقویم میں پیدا کیا گیا ہے۔ تیسرے یہ کہ ہومیو پیتھک فلسفہ بعض پہلوؤں سے مذہب کے بیان کردہ بعض حقائق سے ہم آہنگ دکھائی دیتا ہے اور یہ تینوں امور ایسے ہیں جو آج کے انسان کو اس بات کی دعوت فکر دے سکتے ہیں کہ اس کائنات کا ایک خالق و مالک موجود ہے۔

ماخوذ

براعظم ایشیا کے بعض معروف مقامات

اس میں کچھ شک نہیں کہ جنوبی ایشیا دنیا کا ایک ایسا خطہ ہے جو نہ صرف قدرتی حسن سے مالا مال ہے بلکہ اس خطے میں جتنے بھی ممالک ہیں ان میں بعض ایسی یادگار عمارتیں اور مقامات ہیں جو اپنی انفرادیت کے باعث دنیا بھر میں مقبول ہیں اور ہر سال لاکھوں سیاح صرف انہیں دیکھنے کے شوق میں ادھر کا رخ کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں حال ہی میں انگریزی جریدے ٹائم نے ایک رپورٹ شائع کی ہے۔ جس کی تلخیص وترجمہ ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔

بھوٹان کا ائیرپورٹ

ہمالیہ کے دامن میں بھوٹان کا خوبصورت ائیرپورٹ ایشیا کی خوبصورت اور یادگار چیزوں میں سرفہرست ہے۔ یہ مقام ایسے خوابناک اور طلسماتی ماحول میں ہے کہ جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ یہاں ایک خوبصورت جھیل کنارے سیاحوں کیلئے بڑے بڑے خیمے نصب کئے گئے ہیں جن کے دروازے رات کو زپ کے ذریعے مکمل طور پر بند کئے جاسکتے ہیں۔ یہاں آئے سیاحوں کو اپنی پسند کی ہر چیز اور ہر مشروب مل جاتا ہے۔ یہ شہر سطح سمندر سے 4,325 میٹر بلند ہے۔ خوبصورت جھیل سے ابھری پتھروں کی چٹانیں پانی کی طلسماتی لہریں ساتھ خیموں کی قطار اور باہر جلے ہوئے آگ کے الاؤ یہ ایک ایسا طلسماتی منظر ہوتا ہے اگر کوئی آرٹسٹ ہو تو وہ اپنے کینوس پر بہترین اور ناقابل یقین منظر دکھا سکتا ہے۔ یہ مقام ایشیا کے چند خوبصورت مقامات میں سے ایک ہے۔

ٹوکیو کاروِیانجی ٹیمپل گارڈن

یہ جگہ قدرت کی صناعی کا ایک بے مثال اور انمول نمونہ ہے۔ وہاں سفید ریت کے فرش پر پھیلے خوبصورت پتھر دیکھنے کی چیز ہیں۔ اس باغ کا ڈیزائن ڈرائی لینڈ سکیپ کی مانند ہے۔ یہاں مختلف سائز کی 15 سے زائد چٹانیں ہیں۔ یہ باغ 16ویں صدی میں بنایا گیا تھا اس پر شاعروں، تخلیق کاروں اور پروفیسر حضرات نے اپنے اپنے انداز میں بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں کے کالے پتھر دور سے سیاہ بادلوں کا منظر پیش کرتے ہیں۔ یہ ایسا طلسماتی جزیرہ ہے جس کی پراسراریت کا راز ابھی تک کوئی نہیں جان سکا۔ سکالرز اور تاریخ دان اس جزیرے کو بدھ ازم کی باقیات قرار دیتے ہیں۔

ویت نام میں جانوروں کا سنٹر

جنگلی جانوروں کی بقا اور حفاظت کیلئے یہ سنٹر 1993ء میں بنایا گیا تھا جسے ایک جرمن ماہر نے بنایا تھا۔ یہ سارا سنٹر ائیرکنڈیشنڈ ہے جہاں جنگلی مخلوق کی حفاظت اور علاج معالجے کے وافر انتظامات موجود ہیں۔ اس سنٹر میں 300 سے زائد جنگلی جانور رہتے ہیں۔ یہاں پر ان جانوروں کی مصنوعی نسل کشی کا بھی انتظام ہے۔

برما کا پہاڑ

یہ ایشیا کا فلک بوس پہاڑ ہے۔ یہاں سے نکلنے والے آتش فشاں نے ماضی کی کئی اقوام کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا تھا۔ مہاتما کے زمانے میں اس پہاڑ کی پوجا کی جاتی تھی۔ 1500 میٹر بلند اس پہاڑ پر زائرین ہر سال آتے ہیں اور پہاڑ پر چڑھ کر ایک دوسرے کو جنگلی جانوروں کا گوشت بطور تحفہ پیش کرتے ہیں۔ اس جگہ پر سرخ اور سفید لباس پہننے کی پابندی ہے۔ پہاڑ پر چڑھنے کیلئے ہاتھی سے مشابہہ سیڑھیاں بنائی گئی ہیں۔

مالدیپ کا خوبصورت جزیرہ

اگر آپ دنیا کے کسی خوبصورت جزیرے میں چھٹیاں گزارنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو مالدیپ کے اس جزیرے سے بڑھ کر کوئی چیز خوبصورت نہیں۔ یہ ایک جنت نما مقام ہے یہاں سے پورے یورپ کیلئے پروازیں بھی جاتی ہیں۔ اس جگہ ایک وقت میں صرف 6 جوڑے سیر وتفریح کیلئے جاسکتے ہیں۔ اگر آپ کسی اجنبی کے ساتھ یہاں رہنے کی جگہ شیئر نہیں کرسکتے تو آپ کو ایک رات کے 20 ہزار ڈالرز دینا پڑیں گے۔ یہاں 6 لگژری بنگلے ہیں۔ چار سوئمنگ پول، بڑا کتب خانہ اور شاندار ریسٹورنٹ ہے جہاں آپ اپنی پسند کا مینو طلب کرسکتے ہیں۔

وادئ ہنزہ

پہاڑوں کے دامن میں گھری وادی ہنزہ پاکستان کا خوبصورت تفریحی اور تاریخی مقام ہے۔ اس وادی کو شمالی علاقہ جات کے پہاڑوں کا قدیم گھر بھی کہا جاتا ہے۔ زمانہ قدیم میں زلزلے آنے سے اسے خاصا نقصان پہنچا تھا مگر بعد میں پتھروں کی دیواروں سے اسے مضبوط کیا گیا۔ 1920ء میں برطانوی سیاحوں نے اس وادی کو Baltit کا نام دیا تھا جو کہ حیرت انگیز قلعہ سے موسوم ہے۔

بیجنگ کا انوکھا ٹی ہاؤس

یہ چائے کی 600 سالہ پرانی دکان ہے جو اس شہر میں آتے ہیں چائے کی اس دکان کے باعث یہیں کے ہوکر رہ جاتے ہیں۔ یہاں چائے کی 40 سے زیادہ اقسام موجود ہیں۔ ٹی ہاؤس کی کھڑکی سے اگر باہر کا نظارہ کریں تو ٹیمپل کی سرخ دیواریں اور زرد چھتیں خاصی بھلی معلوم ہوتی ہیں۔

میگرو، ٹوکیو میوزیم

اگر آپ ٹوکیو کے میگرو سٹیشن پر اتریں تو آپ کو سرخ اینٹوں کی بلندوبالا عمارت نظر آئے گی۔ بس یہی میگرو میوزیم ہے۔ یہ میوزیم اس اعتبار سے انوکھا ہے کہ اس میں مختلف حشرات الارض خوفناک کیڑوں، سانپوں کی نایاب تصاویر موجود ہیں۔

ناقابل فراموش نظاروں والی عمارت

شنگھائی چین میں واقع یہ عمارت 1916ء میں تعمیر ہوئی۔ اسے امریکی ماہرین نے تعمیر کیا۔ یہاں اوپر چار عدد بلڈنگیں آپس میں جڑی ہیں جبکہ نیچے دریا بہہ رہے ہیں۔ 21ویں صدی میں یہاں ماڈرن ڈے منایا جاتا ہے۔ یہ خوشی کے موقعوں کے لئے خاص مقام ہے۔ یہاں آنے والوں کو 8 اور 2 سیٹوں کا پرائیویٹ چیمبر مل سکتا ہے۔ سیاحوں کو یہاں ہر طرح کی من پسند ڈشیں کھانے کو مل جاتی ہیں۔

منالی (بھارت) کی پُرجوش یاک سپورٹس

ڈروجی بھاگنے، زندگی کو خطرات میں ڈالنے اور خون کو گرمانے والا کھیل ہے ایک اونچی پہاڑی پر اس یاک کی مدد سے چڑھنا ہوتا ہے جہاں پہلے ہی ان لوگوں کیلئے ایک خیمہ نصب ہوتا ہے۔ یاک سے بندھی چرمی چھال والی رسی کو تھام کر لوگ پہاڑی کے اوپر چڑھتے ہیں۔ یاک کے ساتھ پہاڑی پر چڑھنا جس قدر خطرناک ہے پہاڑی سے نیچے اترنا اس سے بھی زیادہ خوفناک کھیل ہے۔ کہتے ہیں بل فائٹنگ موت کا کھیل ہے مگر بل فائٹنگ میں تو ایک شخص کی زندگی داؤ پر لگی ہوتی ہے جبکہ یہاں بیک وقت بہت سی جانیں موت کے منہ میں جارہی ہوتی ہیں۔

ٹوکیو جاپان کا یارک ہاتیا

ٹوکیو جاپان کا واحد معروف ترین شہر ہے جو کئی حوالوں سے مشہور ہے مگر یہاں کے ''یارک ہاتیا'' ہوٹل کا تو جواب نہیں۔ اس میں 47 فلورز ہیں۔ آڈیٹوریم ہے۔ ہیلتھ کلب چیمبرز اور ٹریڈ سیلز ہیں۔ اس ہوٹل کے چاروں طرف ہائی ویز اور دریا عجب منظر پیش کرتے ہیں۔ اس میں کاسمٹکس ڈائننگ فلور بھی ہے جو لوگ جب ایک بار یہاں آجاتے ہیں انہیں یہ جگہ چھوڑتے ہوئے بہت دکھ ہوتا ہے۔

(خبریں سنڈے میگزین 31 جولائی 2003ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 50866 میں وسیم طاہر

ولد طاہر احمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شادمان لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 13-5-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد وسیم طاہر گواہ شد نمبر 1 قاسم محمود بھلی ولد خالد محمود بھلی گواہ شد نمبر 2 ندیم طاہر ولد طاہر احمد

مسل نمبر 50867 میں ندیم طاہر

ولد طاہر احمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شادمان لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 13-5-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ندیم طاہر گواہ شد نمبر 1 قاسم محمود بھلی لاہور گواہ شد نمبر 2 وسیم طاہر لاہور

مسل نمبر 50868 میں شازیہ ارشد

زوجہ میاں محمد ارشد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غوثیہ کالونی لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 2-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر وصول شدہ -/2000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور 7 تولے مالیتی -/59500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ شازیہ ارشد گواہ شد نمبر 1 رضوان اسلم وصیت نمبر 33223 گواہ شد نمبر 2 وقار احمد وصیت نمبر 32327

مسل نمبر 50869 میں بشیر احمد منیر سیال

ولد منیر الدین سیال قوم سیال پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 6-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد بشیر احمد منیر گواہ شد نمبر 1 رضوان اسلم وصیت نمبر 33223 گواہ شد نمبر 2 سجاد سعید ملک وصیت نمبر 30542

مسل نمبر 50870 میں انیلہ انور واہلہ

بنت چہدری محمد انور واہلہ قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیصل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 22-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ انیلہ انور واہلہ گواہ شد نمبر 1 چوہدری محمد انور واہلہ واہلہ موصیہ گواہ شد نمبر 2 چوہدری محمد ہادی واہلہ ولد چوہدری محمد انور واہلہ

مسل نمبر 50871 میں میاں عبدالشکور

ولد میاں عبدالحئی مرحوم قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور کینٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 6-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/25000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد میاں عبدالشکور گواہ شد نمبر 1 کرنل (ر) شاہد احمد ولد شریف احمد لاہور گواہ شد نمبر 2 لئیق احمد ولد میاں بشیر احمد لاہور

مسل نمبر 50872 میں شاہدہ مبارک

